NHS کا بچوں کے لئے موسمی نزلہ/فلو امیونائزیشن پروگرام

## کیا آپ کے بچے نے اپنی سالانہ فلو کی ویکسینیشن لی ہے؟* اس سے آپ کے بچے کو فلو سے تحفظ میں مدد مل سکتی ہے

# اس سے پہلے کہ آپ کو فلو ہو اپائنٹمنٹ بک کریں

چھوٹے بچے اکثرایک دوسرے میں اور خاندان میں فلو پھیلانے کا بڑا سبب ہوتے ہیں


### اہل بچوں کے لئے مفت نیزل سپرے فلو ویکسینیشن میسر ہے[1-4]

*NHS سیزنل فلو امیونائیزیشن پروگرواm (31 اگست 2019 کو) 2 سے 3 سال کی عمر کے تمام اہل بچوں اور 17-2 سال کے وہ لوگ جنہیں GP کی سرجریز میں خطرہ ہو**، اور تمام اہل پرائمری سکول کے بچوں کے لئے مفت نیزل سپرے فلو ویکسین کی پیشکش کرتا ہے۔[1-4] (سکاٹ لینڈ میں کچھ تبدیلی ہو سکتی ہے۔[3])★★ طبی طور پر خطرے میں لمبی مدت کی بیماری جیسے کہ دل کی بیماری، گردے کی بیماری، جگر کی بیماری، عصبیاتی بیماری، دمہ اور ذیابیطس شامل ہیں۔[1-4]

اگر بچہ نیزل سپرے فلو ویکسین کی صلاحیت نہیں رکھتا، تو انہیں متبادل انجیکٹ کی جانے والی ویکسین دی جا سکتی ہے۔[1-4]

یہ کتابچہ صحت کے ماہرین کے لئے ہے کہ وہ والدین اور سرپرستوں کو مہیا کریں۔ یہ ویکسین کے ساتھ دیے جانے والے مریض کے معلوماتی کتابچے کا متبادل نہیں ہے۔

## ان سردیوں میں، فلو کے وائرس ونس اور اس کے گروہ سے تحفظ کے لئے تیار رہیں




## کیا آپ نے اپنے بچے کے لئے اپائنٹمنٹ بک کی ہے؟




فلو اور ویکسین سے متعلق مزید معلومات کے لئے آپ www.sharegoodtimesnotflu.co.uk پر 'A Knight's Tale' دیکھ سکتے ہیں۔

**حوالہ جات**


١. وان-ٹام جے (Van-Tam J)، ڈپٹی چیف میڈیکل آفیسر et al. فلو کا قومی حفاظتی پروگرام 2019/20 ۔ 22 مارچ 2019 ۔ https://www.england.nhs.uk/wp-content/uploads/2019/03/annual-nationl-flu-programme-2019-to-2020-1.pdf.

2. مک برائیڈ ایم (McBride M)، چیف میڈیکل آفیسر et al. موسمی انفلوئنزا ویکسینیشن پروگرام 2018/19 (شمالی آئرلینڈ). 14 جون 2018. http://www.hscbusiness.hscni.net/pdf/Seasonal%20Influenza%20Vaccination%20.2018 Programme%202018-19.pdf.

3. کیلڈر ووڈ سی (Calderwood C)، چیف میڈیکل آفیسر اسکاٹ لینڈ et al۔ سکاٹش چائلڈ ہڈ فلو ویکسینیشن پروگرام 19-2018۔ 9 اگست 2018۔ https://www.sehd.scot.nhs.uk/cmo/cmo (2018) 06. pdf۔

4. ایتھرٹن ایف (Atherton F)، چیف میڈیکل آفیسر، میڈیکل ڈائریکٹر NHS ویلز. ویلش ہیلتھ سرکلر (2019) 015CHW۔ فلو کا قومی حفاظتی پروگرام 2020-2019۔16 اپریل 2019. http://www.gpone.wales.nhs.uk/sitesplus/documents/1000/WHC2019-015%20-%20The%20National%20Influenza%20Immunisation%20Programme%202019-20_English_WORD.pdf.

5. پبلک ہیلتھ انگلستان، NHS ۔ اپنے بچے کو فلو سے بچانے کے لیے ۔ والدین کے لئے معلومات۔ انگلینڈ میں فلو سے حفاظت 2019 مئی ۔ https://assets.publishing.service.gov.uk/government/uploads/system/uploads/attachment_data/file/806857/PHE_Protecting_Child_Against_Flu_leaflet.pdf

6. مریض کی معلومات ۔ . مریض کی معلومات ۔ نزلہ اور فلو کی طرح کی بیماری ۔ ستمبر 2017 میں آخری جائزہ لیا گیا https://patient.info/health/influenza-and-flu-like-illness.

7. Cromer D et al. J Infect. 2014;68(4):363-371. doi: 10.1016/j.jinf.2013.11.013۔

8. WebMD. بچے اور فلو. یہ کیسے پھیل جاتا ہے؟ 2017 نومبر میں آخری جائزہ لیا گیا. https://www.webmd.com/cold-and-flu/children-and-flu-influenza#1۔

9. بیماری کے کنٹرول اور روک تھام کے لئے مراکز۔ موسمی انفلوئنزا، علامات اور تشخیصات. زکام بمقابلہ فلو. 2019 فروری میں آخری جائزہ لیا گیا۔ https://www.cdc.gov/flu/symptoms/coldflu.htm

10. کینیڈین پیڈیاٹرک سوسائٹی۔ بچوں کی دیکھ بھال۔ بچوں میں انفلوئنزا۔ جولائی 2017 میں آخری جائزہ لیا گیا۔ https://www.caringforkids.cps.ca/handouts/influenza_in_children

11. NHS ۔ حفاظتی ٹیکے۔ بچوں کے فلو کی ویکسین ۔ جولائی 2019 میں آخری جائزہ لیا گیا۔https://www.nhs.uk/conditions/vaccinations/child-flu-vaccine/.

12. فلوانز ٹیٹرا نیزل سپرے معطلی کی انفلوئنزا ویکسین (براہ راست تخفیف شدہ ، نیزل) مریض کی معلومات کتابچہ۔ مارچ 2019. https://www.medicines.org.uk/emc/files/pil.3296.pdf

13. فلوانز نیزل ناک سپرے معطلی کی انفلوئنزا ویکسین (براہ راست تخفیف شدہ ، نیزل) مصنوعات کی خصوصیات کا خلاصہ۔ جنوری 2019. https://www.medicines.org.uk/emc/product/3296/smpc.

14. عالمی ادارہ صحت۔ انفلوئنزا۔ 2020-2019 شمالی نصف کرہ میں انفلوئنزا کے موسم میں استعمال کے لئے سفارش کردہ انفلوئنزا وائرس ویکسین کی ساخت۔ 21 مارچ 2019۔ https://www.who.int/influenza/vaccines/virus/recommendations/2019_20_north/en/.

15. پبلک ہیلتھ انگلستان ۔ ابتدائی اسکول کی عمر کے بچوں میں موسمی انفلوئنزا ویکسین اپٹیک: موسم سرما 2018 2019. 1 ستمبر 2018 سے 31 جنوری 2019 کے لئے حتمی ڈیٹا ۔ مئی 2019۔ https://assets.publishing.service.gov.uk/government/uploads/system/uploads/attachment_data/file/806289/Childhood_flu_annual_report_2018_19_FINAL_.pdf

16. پبلک ہیلتھ انگلستان ۔ جی پی کے مریضوں میں موسمی انفلوئنزا ویکسین اپٹیک: موسم سرما 2018 2019. 1 ستمبر 2018 سے 28 فروری 2019 کے لئے حتمی ڈیٹا ۔ مئی 2019۔ https://assets.publishing.service.gov.uk/government/uploads/system/uploads/attachment_data/file/804889/Seasonal_influenza_vaccine_uptake_in_GP_patients_1819.pdf.


اگر آپ کو کوئی ضمنی اثرات ہوتے ہیں تو، اپنے ڈاکٹر، فارماسسٹ یا نرس سے بات کریں۔ اس میں کسی بھی قسم کے ممکنہ سائیڈ افیکٹس ہو سکتے ہیں جو کہ پیکج کے کتابچے میں درج نہیں ہیں۔ آپ ضمنی اثرات؛ اسئ کی رپورٹ بلاواسطہ بذریعہ یلو کارڈ سکیم www.mhra.gov.uk/yellowcard پر بھی کر سکتے ہیں۔ ضمنی اثرات کی رپورٹ کرنے سے آپ اس دوا کے تحفظ پر مزید معلومات مہیا کریں گے۔

پیش اور مہیا کیا گیا

AstraZeneca


©AstraZeneca 2019

Date of preparation: August 2019. GB-17764

## یہ ویکسین کیسے دی جاتی ہے[13]



نرس یا ڈاکٹر پتلی سی پلاسٹک ٹیوب کی نوک نتھنوں میں رکھتے ہیں۔



معمولی سے قطروں کو ناک میں چھڑکا جاتا ہے۔



پھر وہ اسی طرح سے دوسرے نتھنے میں بھی کرتے ہیں۔

اگر بچہ نیزل سپرے فلو ویکسین کا اہل نہیں ہے، تو اسے انجیکٹ کی جانے والی متبادل دوا دی جا سکتی ہے۔[1-4]

www.sharegoodtimesnotflu.co.uk

**یہ نیزل سپرے ہے کوئی چبھونے والی چیز نہیں ہے[13]**

## فلو سے تحفظ کے لئے اپنے بچے کو سالانہ ویکسین لگوائیں

فلو ویکسین آپ کے بچے میں قوت مدافعت کو بڑھاتی ہے، تو جب انہیں فلو وائرسز کا خطرہ ہوتا ہے تو وہ بہتر طور پر انفیکشن کے ساتھ نمٹتے ہیں۔[11]

جیسے کہ فلو وائرسز چالاک ہوتے ہیں اور مستقل بدلتے رہتے ہیں، ہر سال ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO) تجویز کرتی ہے کہ اگلے فلو سیزن کے لئے کونسے وائرس سٹرینز کو ویکسین میں استعمال کرنا چاہیئے – [12,14] چنانچہ ویکسینز کو وقت سے پہلے بہتر انداز میں تیار کرنا پڑتا ہے۔[5]،

فلو ویکسین کی اثرانگیزی ہر سال کے حساب سے مختلف ہوتی ہے، جو گردش کرنے والے وائرس پر اور فلو ویکسینز میں موجود اجزا کی مماثلت پر منحصر ہوتی ہے ۔[5] 2013 میں جب سے یہ پروگرام شروع ہوا ہے، پبلک ہیلتھ انگلینڈ (PHE) مسلسل بچوں کی انفلوئنزا ویکسینیشن پروگرام کے حصے کے طور پر نیزل سپرے فلو ویکیسن کو تجویز کرتا ہے۔[1]

انگلینڈ میں19-2018 کے سیزن میں، اندازاً 4,051,698 میں سے 2,461,563 اہل بچوں کوسکول میں (ابتدائی سے 5-1 سال تک) انفلوئنزا ویکسین دی گئی تھی۔*[15] اس کا مطلب ہے کہ اس گروپ میں %60.8 اہل بچوں کو 18-2017 کے (ابتدائی سے 4-1 تک) %59.5 کے مقابلے میں ویکسین دی گئی تھی۔[15]

3-2 سال کے بچوں کو GP سرجریز میں ویکسین دی گئی، ایک اندازے کے مطابق 1,322,663 میں سے 593,706 اہل بچوں کو 19-2018 کے سیزن میں انفلوئنزا ویکسین* دی گئی۔[16] اس کا مطلب ہے کہ اس گروپ کے %44.9 اہل بچوں کو ویکسین دی گئی۔[16] یہ 18-2017 کے سیزن میں اس کے مقابلے میں %44 تھی۔[16]

⁎ اس اعداد و شمار میں وہ بچے بھی شامل ہیں جنہیں یا تو نیزل سپرے ویکسین دی گئی یا جن کے لئے نیزل سپرے ویکسین موزوں نہیں تھی انجیکٹ کی جانے والی ویکسین دی گئی۔ [15,16]

## اپنے بچے کو فلو سے تحفظ کیوں دینا ہے؟

فلو بچوں اور خاندان کے لئے انتہائی تکلیف دہ ہوتا ہے – اس میں صحت یابی کے لئے 7 دن تک لگ سکتے ہیں، مطلب اس کا مطلب ہے کہ کام سے چھٹی اور متاثرہ بچوں کی دیکھ بھال کے انتظامات۔[5,6]

تحقیق بتاتی ہے کہ دوسری عمر کے گروہوں کے مقابلے میں 5 سال سے کم عمر کے بچے زیادہ تر فلو کی وجہ سے ہسپتال میں داخلے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔[5,7]

بچوں میں فلو تیزی سے پھیلتا ہے – یہ بچوں سے بچوں میں اور خاندان کے اندر پھیلتا ہے۔[5,8]

پنے بچوں کو فلو کی ویکسین دینے سے آپ ان کا تحفظ کر سکتے ہیں اور فلو وائرس کے پھیلاؤ کی روک تھام کر سکتے ہیں۔[5]

## فلو بمقابلہ زکام

فلواور زکام کی مرکزی علامات ایک سی ہو سکتی ہیں، لہٰذا علامات کی بنیاد پرانہیں ایک دوسرے سے الگ کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔[9] یہ درحقیقت مختلف وائرسز کے سبب ہوتے ہیں اور عام طور پر فلو زکام سے زیادہ شدید ہوتا ہے اور اس کی علامات زیادہ شدید ہوتی ہیں، جبکہ زکام عام طور پر درمیانے درجہ کا ہوتا ہے۔[9] فلو والے بچوں میں عام طور پر کھیلنے کی قوت نہیں ہوگی اور وہ عام طور سے زیادہ بستر میں رہناچاہیں گے۔[10] زکام کا شکار شخص کی ناک بہہ سکتی ہے یا بند ہو سکتی ہے۔[9]

| شناخت اور علاماتیں | فلو | زکام |
|---|---|---|
| علامات | اچانک | آہستہ آہستہ |
| بخار | عمومی | شاذونادر |
| درد | عمومی | ہلکا |
| ٹھنڈ | عام ہے | غیر عام |
| تھکاوٹ/کمزوری | عام | کبھی کبھار |
| چھینکیں/بند ناک | کبھی کبھار | عام |
| گلے میں خراش | کبھی کبھار | عام |
| سینہ میں تکلیف، کھانسی | عام | ہلکے سےدرمیانہ |
| سر درد | عام | شاذونادر |

ماخوذ از: مرکز برائے مرض کنٹرول اور روک تھام، کیا یہ زکام ہے یا فلو؟[9]

زکام سے عمومی طور پر صحت کے شدید مسائل نہیں ہوتے۔[9] فلو سے، مندرجہ بالا ٹیبل میں دی گئی علامات کے علاوہ، کچھ بچوں میں انتہائی پیچیدگی ہو سکتی ہے جس میں کان میں تکلیف دہ انفیکشن، پھیپھڑوں میں شدید ورم اور نمونیا ہو سکتا ہے۔[5,11]

## آپ کے بچے کے لئے نیزل سپرے فلو ویکسین کا تحفظ

بچوں کے لئے نیزل سپرے فلو ویکسین زیادہ تر بچوں کے لئے قابل برداشت ہوتی ہے مگر کچھ کو ضمنی اثرات ہو سکتے ہیں۔[12] ضمنی اثرات سے متعلق مزید تفصیلی معلومات کے لئے، براہ کرم www.sharegoodtimesnotflu.co.uk دیکھیں

اگر آپ کو کوئی ضمنی اثرات ہوتے ہیں تو، اپنے ڈاکٹر، فارماسسٹ یا نرس سے بات کریں۔ اس میں کسی بھی قسم کے ممکنہ ضمنی اثرات ہو سکتے ہیں جو کہ پیکج کے کتابچے میں درج کردہ نہیں ہیں۔ آپ سائیڈ افیکٹس کی رپورٹ بلاواسطہ بذریعہ www.mhra.gov.uk/yellowcard یلو کارڈ سکیم

پر بھی کر سکتے ہیں۔ ضمنی اثرات کی رپورٹ کرنے سے آپ اس دوا کے تحفظ پر مزید معلومات مہیا کر سکتے ہیں۔